## سوال

الصلاۃ خیر من النوم کے جواب کیا کہا جائے

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

صبح کی اذان میں الصلوٰۃ خیر من النوم کے جواب میں کیا کہا جائے ؟

---

# الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اَلصَّلاَۃُ خَیْرٌ مِّنَ النَّوْمِ '' کے جواب میں ''اَلصَّلاَۃُ خَیْرٌ مِّنَ النَّوْمِ '' ہی کہا جائے گا جیسے ''اَشْھَدُ اَنْ لاَّاِلٰہَ اِلاَّ ا ''کے جواب میں ''اَشْھَدُ اَنْ لاَّاِلٰہَ اِلاَّ ا '' ہی کہا جاتا ہے دلیل ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان :

«اِذَا سَمِعْتُمُ الْمُؤَذِّنَ فَقُوْلُوْا مِثْلَ مَا یَقُوْلُ » الحدیث ''حَیَّعَلَتَیْنِ ''

کا جواب ''لاَحَوْلَ وَلاَقُوَّۃَ اِلاَّ بِا ِ '' خاص دلیل کی بنیاد پر ہے ۔ ''اَلصَّلاَۃُ خَیْرٌ مِّنَ النَّوْمِ '' کے جواب میں ''صَدَقْتَ وَبَرَرْتَ وَبِالْحَقِّ نَطَقْتَ ''کہنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ثابت نہیں نہ ہی قولاً، نہ ہی عملاً اور نہ ہی تقریراً۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

## احکام و مسائل

## نماز کا بیان ج1ص121